حافظ محمد ابراہیم فانیؔ ۔ مدرس دارالعلوم حقانیہ ۔ اکوڑہ خٹک

اشکہائے غم

بوفات حضرت حکیم الاسلام قاری محمد طیبؒ قاسمی نوراللہ مرقدہٗ

کیا کہوں قلب و جگر تن روح و جاں افسردہ ہیں
کائناتِ علم و فن پیر و جواں افسردہ ہیں

سیلِ اشک ہر سو رواں ہے اور فضا بھی سوگوار
چرخ پر یہ ماہ و انجم کہکشاں افسردہ ہیں

سرزمینِ دیوبند یارب خزاں منظر ہے آج
عالمِ اسلام اور ہندوستاں افسردہ ہیں

فہم و ادراک و ذکا تحریر و تبلیغ و بیاں
حکمت و عقل و خرد ناہم کُناں افسردہ ہیں

فکرِ عالی و تدبیرِ اہتمام و انتظام
وَرطۂ حیرت میں ہیں آنسو فشاں افسردہ ہیں

فقر و دیں زہد و قناعت ورع و تکریم و سخا
سینہ سوزاں چشم گریاں دل تپاں افسردہ ہیں

ترجمانِ دینِ حق تھے حافظِ شیریں سخن
آہ رخصت ہو گیا وہ واعظِ رنگیں سخن

وہ ادیبِ بے بدل تھے وہ خطیبِ بے نظیر
تھے فراست میں یگانہ مردِ مومن با ضمیر

زینتِ تختِ ولایت شمعِ بزمِ قدسیاں
نازشِ روحانیاں عشقِ محمدؐ کے اسیر

افتخارِ روحِ قاسم رونقِ دارالعلوم
عظمتِ شاہنشہاں رشکِ سلاطین وہ فقیر

ثانیٔ رازی غزالی چشمۂ فیضِ ھُدیٰ
عکسِ انور شاہؒ تھے اور نقشِ علامہ شبیرؒ

کوکبِ برجِ وفا صدیق و فاروقی خصال
سرگروہِ دیوبند جمعِ عزیمت کے امیر

عظمتِ مدرسہ کو جس نے لگائے چار چاند
سطوتِ اسلاف و عہدِ رفتہ کی کامل تصویر

حکمتِ اسلام جن کی ذات سے تھی آشکار
حجتِ اسلام تھے برہانِ رب تھے وہ شہیر

ایشیا و شرق و غرب میں دی صدائے لا الٰہ
سارے عالم میں پھرے اسلام کا بن کر سفیر

کیوں نہ خلد و جنت الماویٰ نہ ہو ان کا مقام
زہد و علم و فضل و تقویٰ سے بنا جن کا خمیر

دینِ احمدؐ کا خدایا تو ہی حافظ ہو سدا
ہر طرف سے آرہے ہیں فتنہ سامانوں کے تیر

شکوۂ دستِ اجل فانیؔ بیاں کیسے کروں؟
داغِ زخم آشکارا اب نہاں کیسے کروں؟

© rasailojaraid.com